سوال

(261) کیاامام مقتدیوں سے ایک ہاتھ اونچا کھڑاہوسکتا ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

کیاامام مقتدیوں سے ایک ہاتھ اونچا کھڑاہوسکتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

امام کو مقتدیوں سے اونچا کھڑاہونا بجز کسی خاص اہم ضرورت کے جائز نہیں۔ دار قطنی میں روایت ہے۔

"نہی رسول الله صلی الله علیه وسلم ان یقوم الامام فوق شیٔ والناس خلیفه یعنی اسفل منه"

''یعنی آپ ﷺ نے منع فرمایا ہے کہ امام مقتدیوں سے اونچا کھڑاہو۔''

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص453

محدث فتویٰ